بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ✦ عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

روزنامہ

الفضل

ربوہ

ایڈیٹر مسعود احمد دہلوی

فون ۴۴۹

جلد ۳۶ | اتوار ۹ ربیع الاول ۱۴۰۳ھ ۲۶ فتح ۱۳۶۱ ہش ۲۶ دسمبر ۱۹۸۲ء | نمبر ۲۸۹

اخبارِ احمدیہ

ربوہ: ۲۳ فتح/دسمبر۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت کے بارے میں آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ

ملونزلہ سردرد اور جسم میں درد ہے

احباب کرام خاص توجہ اور التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ ممدوحہ کو صحت کاملہ عطا کرے اور آپ کا بابرکت وجود تادیر ہمارے درمیان قائم و دائم رکھے آمین۔

• خاکسار کی والدہ محترمہ سارہ بیگم اہلیہ مولوی عبدالرحیم درد مرحوم تقریباً ایک سال سے مختلف عوارض کی وجہ سے بیمار ہیں۔ پیچیدگیاں بڑھتی جا رہی ہیں۔ ان بابرکت ایام میں اجتماعی اور انفرادی طور پر میری امی جان کو اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھیئے۔ اللہ تعالیٰ محض اپنے خاص فضل و کرم سے انہیں صحت کاملہ عطا فرمائے۔ (رضیہ درد)

• مکرم راجہ عبدالوہاب صاحب پر فالج کا حملہ ہوا ہے۔ علاج کے لئے گنگارام ہسپتال میں داخل کر دیا گیا ہے احباب کرام سے جلد صحت یابی کے لئے درخواستِ دعا ہے۔ (صلاح الدین ۔۔۔ رحیم پارک ملتان روڈ۔ لاہور)

• خاکسار کی طبیعت بوجہ کثرت پیشاب اور کمزوری سخت خراب ہے۔ میجر عبدالغفور صاحب زاہد کا علاج ہو رہا ہے۔

احباب کرام کی خدمت میں درخواست دعا ہے۔ (عزیز الرحمان منگلا مربی سلسلہ)

جلسہ سالانہ کے تمام انتظامات نے ہنگامی بنیادوں پر کام شروع کر دیا

"جلسہ سالانہ کے دوران ذکرِ الٰہی کو زندگی کا غالب حصہ بنائیں"

"کارکنان اور جملہ احباب چلتے پھرتے کام کرتے اپنا تمام وقت یادِ الٰہی میں بسر کریں"

اگر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا حصہ نکال دیا جائے تو ہمارا ایک بھی جلسہ سالانہ کامیاب نہیں ہو سکتا

جلسہ سالانہ کے انتظامات کے افتتاح کے موقعہ پر کارکنوں سے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کا خطاب

ربوہ۔ ۲۲ فتح/دسمبر۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے آج یہاں بعد از نماز عصر انتظامات جلسہ سالانہ کا افتتاح کرتے ہوئے۔ جملہ کارکنان جلسہ سالانہ اور احباب جماعت پر زور دیا کہ وہ جلسہ سالانہ کے ایام میں کثرت سے ذکرِ الٰہی کریں اور یہ بات ان کی زندگی کا غالب پہلو رہنا چاہیئے اس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ اس ذکر کو خاموش نہیں رہنے دیتا بلکہ اس کو اس طرح سے نمایاں کرتا ہے کہ ساری دنیا کو پتہ چل جاتا ہے کہ یہ ذکرِ الٰہی کرنے والے لوگ ہیں۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے افتتاح کرنے کے ساتھ ہی جلسہ سالانہ کے تمام شعبوں نے ہنگامی طور پر کام شروع کر دیا ہے۔

تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے فضل اور احسان سے ہمارا جلسہ سالانہ سر پر آن پہنچا ہے اور وہ تمام تیاریاں جو انسانی طاقت میں تھیں مکمل ہو چکی ہیں۔ اب یہ فکر ہے کہ یہ تیاریاں ان ذمہ داریوں کے مقابل پر کچھ بھی نہیں جو ہر جلسہ سالانہ کے موقع پر عائد ہوتی ہیں اور اگر ان انتظامات میں سے اللہ تعالیٰ کے فضل کا حصہ نکال دیا جائے تو ایک بھی جلسہ کامیاب نہیں ہو سکتا ہمیشہ خدا تعالیٰ کے فضل کا حصہ شامل ہو کر ہی ہمارے جلسے کامیاب اور مثمر بثمرات حسنہ ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ ہماری کمزوریوں کی پردہ پوشی کرتا ہے۔

حضور نے فرمایا جو بات میں علی الخصوص کہنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جلسہ سالانہ کے دوران کثرت سے ذکرِ الٰہی کریں اور یہ سب احباب کی زندگیوں کا غالب پہلو ہونا چاہیئے اور دنیا کو یہ غالب پہلو کے طور پر معلوم ہونا چاہیئے۔ حضور نے فرمایا ذکرِ الٰہی اگرچہ خدا کی خاطر کیا جاتا ہے، دنیا کی خاطر نہیں کیا جاتا مگر جب میں نے یہ کہا کہ دنیا کو معلوم ہونا چاہیئے۔ تو یہ میں نے کوئی زائد بات نہیں کہی۔ ذکرِ الٰہی بے شک خدا اور بندے کا خاموش رابطہ ہے۔ لیکن خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ خدا تم کی تقدیر اس کو خاموش نہیں رہنے دیتی۔ اللہ تعالیٰ ذکرِ الٰہی کے نتیجہ میں عادات و خصائل میں ایسا امتیاز پیدا کر دیتا ہے کہ اہل دنیا (جن کو فطرت صحیح عطا کی جاتی ہے۔) ذکرِ الٰہی کرنے والوں اور نہ کرنے والوں کو ممتاز حیثیت میں پہچان لیتے ان کا نور ان کے آگے چلتا ہے حقیقی ذکر کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ انہیں ایسی قوتیں عطا کر دیتا ہے جو دوسری دنیا کو بھی محسوس ہوتی ہیں۔

اور وہ زیادہ خود اعتمادی سے قدم بڑھاتے ہیں ان کا نور ان کے مستقبل کو بھی اندھیروں میں نہیں رہنے دیتا۔ خدا تعالیٰ ان کو ایسی فراست عطا کرتا ہے کہ وہ مستقبل کے بارے میں درست اندازے لگا لیتے ہیں اور ذکرِ الٰہی کا یہ نور ہر جگہ ان کی راہ نمائی کرتا ہے۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ہر مشکل کا حل اس نور میں ہے۔ جلسے کے دوران اگرچہ کام بہت ہوتے ہیں۔ اور کام کا زور بھی بہت ہوتا ہے اور ہاتھوں کے علاوہ ذہن بھی مصروف ہوتا ہے۔ لیکن جن کو عادت ہو۔ ان کا ذہن کام کے دوران بھی ایسے لمحے ڈھونڈ لیتا ہے کہ ان کا ذہن اچانک چھلانگ لگا کر ذکرِ الٰہی کی طرف مائل ہو جاتا ہے اس لئے ان معنوں میں جلسے کے تمام کارکنوں سے امید ہے کہ وہ بالخصوص جلسے کو ذکرِ الٰہی کی رونق لگا دیں گے۔

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اس ضمن میں آیات قرآنی اور احادیث کا حوالہ دیتے ہوئے

حضور کے دورہ یورپ کی برکات کا ظہور

مکرم کمال یوسف صاحب مبلغ انچارج ناروے نے اطلاع دی ہے کہ حضور کی خاص توجہ اور دورہ کے نتیجہ میں احباب میں غیر معمولی بیداری ہوئی ہے۔ چنانچہ موجودہ سال کے صرف ۴ ماہ کی چندوں کی آمد سال گزشتہ کی مجموعی آمد سے بڑھ گئی ہے اور ابھی مزید اضافے کی توقع ہے۔ احباب جماعت تمام تحریکوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں۔ احباب دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ ان مخلصین کے اموال و نفوس میں برکت عطا فرماتا چلا جائے۔

(وکیل المال ثانی تحریک جدید انجمن احمدیہ ربوہ)

جلسہ سیرت النبی صلے اللہ علیہ وسلم

امسال ربوہ میں جلسہ سیرت النبی صلے اللہ علیہ وسلم مورخہ ۲۹ دسمبر ۱۹۸۲ء کو جلسہ گاہ مردانہ میں صبح ۹½ بجے سے ۱½ بجے تک زیر صدارت محترم مرزا عبدالحق صاحب صوبائی امیر ہوگا۔ انشاء اللہ۔ جس میں سلسلہ کے جید علماء آنحضور صلے اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ پر مختلف عنوانات پر تقاریر فرمائیں گے۔

ربوہ میں موجود جملہ احمدی دوست اس جلسہ میں شمولیت فرمائیں۔

(صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴۔ پبلشر: مسعود احمد۔ پرنٹر: سید عبدالحی۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ۔ مقام اشاعت: دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ۔ قیمت: ۵۰ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بتایا کہ جس محفل میں ذکر الٰہی ہو رہا ہو اللہ تعالیٰ اس محفل کے تمام شرکاء کو بخش دیتا ہے چاہے ان میں کوئی فرد ذکر الٰہی نہ بھی کرنے کی نیت سے بیٹھا ہو۔ حضور نے فرمایا ذکر کا غلبہ ہو تو ان کی بھی نیتیں سیدھی کر دی جاتی ہیں جو ذکر نہیں کرتے۔ ذکر الٰہی کرنے والوں کی برکت سے انقلاب عظیم پیدا ہوتے ہیں اور دلوں کی کایا پلٹ جاتی ہے۔ حضور نے اس ضمن میں اپنا ایک نہایت ایمان افروز واقعہ بیان فرمایا جو معجزانہ رنگ اپنے اندر رکھتا ہے۔

حضور نے فرمایا اسی لئے میں یہ کہتا ہوں کہ ذکر الٰہی اس کثرت سے کریں کہ خدا تعالیٰ کی تقدیر گواہی دینے لگے۔ خدا کی تقدیر ساتھ ہو تو وہ حالت ہو جایا کرتی ہے جس کا ذکر حضرت مسیح موعود نے یوں کیا ہے کہ ؎

سر سے لے کر پاؤں تک وہ یار مجھ میں ہے نہاں
اے مرے بدخواہ کرنا ہوش کر کے مجھ پہ وار

حضور نے فرمایا جلسہ کے دنوں میں کام کی زیادتی کے باوجود یہ کام کیا جا سکتا ہے۔

دوسری بات حضور نے یہ فرمائی کہ جلسے کے دنوں میں نمازوں کا باقاعدگی سے انتظام کریں۔ حضور نے جلسہ سالانہ کے انتظامات میں اپنی ڈیوٹیاں دینے کے زمانہ کو یاد کرتے ہوئے فرمایا کہ میں نے یہ طریق اختیار کیا تھا کہ اپنے کارکنوں میں سے ایک کی ڈیوٹی (علاوہ اس کے دیگر کام کے) یہ بھی تھی کہ وہ تمام کارکنوں کی نماز کی ادائیگی کا خیال رکھے گا اور باری باری نماز کے لئے بھیجنے کا وقت طے کرے گا۔ اگر ہر افسر یہ کام کرے اور کسی نائب کو یہ ڈیوٹی سپرد کرے کہ وہ سب کی نمازوں کی ادائیگی کا انتظام کرے تو اس کے بہت اچھے نتائج مرتب ہوتے ہیں۔

حضور نے فرمایا مجھے امید ہے کہ کارکن جتنی بھی طاقت ہو گی ساری کی ساری خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر دیں گے۔ حضور نے افسر جلسہ سالانہ کو بھی ہدایت فرمائی کہ ایسے رضا کار کارکنوں کا خیال رکھیں جن کے پاس اس سردی کے موسم میں ٹوپیاں یا جوتے یا تن ڈھانپنے کو صحیح کپڑے میسر نہیں ہیں۔ ایسے کارکنوں کے لئے کم سے کم کوئی انتظام کرنا ہماری ذمہ داری ہے اس لئے ہمارے افسران اپنے ماتحتوں کا جائزہ لے کر افسر جلسہ سالانہ کو رپورٹ کریں تاکہ کسی کی کم مائیگی مہمانوں کی خدمت میں رکاوٹ نہ ہو۔

اس کے بعد حضور دعا کروائی۔ حضور کا خطاب ۴ بجکر بیس منٹ سے لے کر ۴ بجکر اکتالیس منٹ تک جاری رہا اس طرح سے حضور نے ۱۱ منٹ خطاب فرمایا خطاب کے بعد حضور نے اپنے دائیں ہاتھ سے سامنے ترتیب سے کھڑے مختلف شعبوں کے ناظمین کو شرفِ مصافحہ عطا کیا سب سے پہلے محترم صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب نائب افسر جلسہ سالانہ نے مصافحہ کیا اور دست بوسی کی سعادت حاصل کی۔ مصافحے کے بعد حضور دفتر جلسہ سالانہ تشریف لے گئے اور ناظمین اور مہمانان بیرونِ پاکستان کے ہمراہ چائے نوش فرمائی۔ اس کے بعد دعا کروا کے واپس تشریف لے گئے۔

مرکزی مجلس صحت کا قیام

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دُنیا بھر کے احباب جماعت میں کھیلوں کی ترویج و ترقی کے لیے مندرجہ ذیل مرکزی مجلس صحت کی منظوری مرحمت فرمائی ہے۔

ایگزیکٹو کمیٹی

۱۔ مکرم اللہ بخش صاحب صادق	صدر مجلس
۲۔ " چوہدری سلطان احمد صاحب	نمائندہ خدام الاحمدیہ سیکرٹری
۳۔ " صاحبزادہ مرزا اظہر احمد صاحب	
۴۔ " صاحبزادہ مرزا غلام احمد صاحب	نمائندہ لجنہ
۵۔ " صاحبزادہ مرزا لقمان احمد صاحب	
۶۔ " سمیع اللہ صاحب سیال	
۷۔ " صدر صاحب عمومی ربوہ	

مرکزی کمیٹی کے علاوہ مندرجہ ذیل ممبران بحیثیت صدر متعلقہ کھیل بورڈ کے ممبران ہونگے۔

۱۔ فٹ بال	مکرم چوہدری مبارک مصلح الدین صاحب
۲۔ تیراکی	" پیر معین الدین صاحب
۳۔ کبڈی	" خواجہ عبدالمومن صاحب
۴۔ والی بال	" عبدالجلیل صاحب صادق
۵۔ کرکٹ	" صاحبزادہ مرزا مبشر احمد صاحب
۶۔ سکاش	" ڈاکٹر لطیف احمد قریشی صاحب
۷۔ ہاکی	" مرزا عبدالسمیع صاحب
۸۔ باسکٹ بال	" صاحبزادہ مرزا فرید احمد صاحب
۹۔ خیل للرحمان کلب	" صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب
۱۰۔ اتھلیٹکس	" صاحبزادہ مرزا حنیف احمد صاحب
۱۱۔ ٹیبل ٹینس بیڈمنٹن	" کریم الدین صاحب
۱۲۔ MOUNTAINEERING (کوہ پیمائی)	" چوہدری محمد علی صاحب (پرائیویٹ سیکرٹری)

محترم کیپٹن محمد اسلم صاحب آف دارالصدر غربی وفات پا گئے

اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

افسوس کیساتھ لکھا جاتا ہے کہ محترم کیپٹن محمد اسلم صاحب ساکن دارالصدر غربی ربوہ ۱۶ دسمبر ۱۹۸۲ء بروز جمعرات پونے آٹھ بجے شب بعمر ۸۶ سال وفات پا گئے اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ محترم کیپٹن صاحب مرحوم رَن مل ضلع گجرات کے رہنے والے بہت مخلص اور فدائی احمدی اور حضرت حافظ روشن علی صاحب مرحوم کے عزیزوں میں سے تھے۔

۱۷ دسمبر بروز جمعہ بعد نماز مغرب سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے محترم کیپٹن صاحب مرحوم کی نماز جنازہ پڑھائی۔ مرحوم موصی تھے اس لیے جنازہ بہشتی مقبرہ لے جا کر مرحوم کے جسد خاکی کو وہاں سپرد خاک کیا گیا۔ قبر تیار ہونے پر محترم مولانا محمد احمد صاحب جلیل پروفیسر جامعہ احمدیہ ربوہ نے دعا کرائی۔

کیپٹن صاحب مرحوم نے چار بیٹیاں اور دو بیٹے اپنی یادگار چھوڑے ہیں۔ بڑے بیٹے مکرم محمد اکرم صاحب ہاشمی کراچی میں برسر روزگار ہیں۔ وہ تدفین سے قبل ربوہ پہنچ گئے تھے۔ بیٹیوں میں ثریا آصفہ صاحبہ اہلیہ مکرم پیر نصیر احمد صاحب ربوہ، نسیم اختر صاحبہ اہلیہ مکرم مسعود احمد صاحب ربوہ، شمشاد اختر صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری افتخار احمد صاحب لاہور اور ثروت آرا صاحبہ اہلیہ مکرم ہادی احمد خاں صاحب۔ واہ کینٹ شامل ہیں۔

احباب جماعت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ محترم کیپٹن صاحب مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور اپنے قرب خاص سے نوازے نیز جملہ پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دے اور دین و دنیا میں ان کا حافظ و ناصر ہو۔ آمین۔

جلسہ سالانہ کے ایام میں

پروگرام درسِ قرآن کریم

بمقام مسجد مبارک۔ بعد نماز فجر

۲۶ دسمبر: ان اللہ یامرکم بالعدل ..... سورۃ النحل: ۹۱
مکرم مولانا سلطان محمود انور صاحب

۲۷ " " وانذر عشیرتک الاقربین۔ سورۃ الشعراء: ۲۱۵
مکرم مولانا محمد شفیع اشرف صاحب

۲۸ " " وعباد الرحمن الذین ..... فرقان: ۶۴
خاکسار عبدالمالک خانصاحب

نیشنل قائدین (بیرونِ پاکستان) کا ایک ضروری اجلاس

جملہ نیشنل قائدین کی اطلاع کیلئے یہ اعلان کیا جاتا ہے کہ ان کا ایک اہم اجلاس مورخہ ۳۱ دسمبر بوقت ۱۰ بجے قبل دوپہر دفتر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ میں منعقد ہوگا۔ قائدین کرام یا ان کے نمائندے اس اجلاس میں شریک ہوں۔ محترم صدر صاحب ان سے خطاب فرمادیں گے۔

(مہتمم بیرون مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پروگرام شبینہ اجلاس بر موقع جلسہ سالانہ

بتاریخ ۲۶ فتح ۱۳۶۱ھش بمطابق ۲۶ دسمبر ۱۹۸۲ء

۷-۰۰ تا ۷-۰۵	تلاوت قرآن مجید	
۷-۰۵ تا ۷-۱۰	نظم	
۷-۱۰ تا ۷-۳۵	اسلامی آداب (سورۃ نور کی روشنی میں)	مکرم محمد اعظم صاحب اکسیر مربی انچارج ضلع گوجرانوالہ
۷-۳۵ تا ۸-۰۰	سیرت حضرت ابوہریرۃ رضؓ (درجہ خامسہ) جامعہ احمدیہ	مکرم عبدالرشید صاحب طاہر
۸-۰۰ تا ۸-۴۵	حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کے حالیہ دورہ کے بارہ میں تاثرات	مکرم چوہدری محمد انور حسین صاحب (امیر جماعتہائے احمدیہ ضلع شیخوپورہ
۸-۴۵ تا ۹-۰۰	صدارتی کلمات و دعا	صدر صاحب اجلاس

یہ اجلاس ۲۶ دسمبر کو نماز مغرب و عشاء کے فوراً بعد مسجد اقصیٰ ربوہ میں ہوگا۔ انشاء اللہ

(ناظر اصلاح وارشاد صدر انجمن احمدیہ (پاکستان) ربوہ)

ضروری اعلان

مختلف کھیلوں میں دلچسپی لینے والے احباب جماعت جلسہ سالانہ کے ایام میں ضروری معلومات اور راہ نمائی کے لئے سیکرٹری مرکزی مجلس صحت سے دفتر وقف جدید میں رابطہ فرمائیں۔

جلسہ کے ایام میں جلسہ کی کارروائی سے قبل، درمیانی وقفہ اور جلسہ کے اختتام پر دفتر کھلا رہے گا۔ (صدر مجلس صحت)

قائدین / ناظمین مجلس خدام الاحمدیہ

الحمد للہ مجلس خدام الاحمدیہ وقف جدید دفتر اطفال کے ٹارگٹ کے قریب پہنچ رہی ہے۔ قائدین کی جانب سے جمع شدہ رقوم کی رپورٹیں بھی موصول ہو رہی ہیں۔ مہربانی فرما کر ان رقوم کو جلسہ سالانہ کے ایام مرکز میں جمع فرمائیں اور اپنی کوشش اور دعا کو ٹارگٹ تک پہنچنے تک جاری رکھیں۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء (مہتمم اطفال)

زعماء انصار اللہ اور تحریک جدید

ربوہ سے باہر کی مجالس انصار اللہ کے زعماء سے درخواست ہے کہ وہ دفتر ہذا سے دو کتابوں کا سیٹ مفت حاصل کر کے اپنی جماعت کی راہنمائی کے لئے لیتے جائیں اور سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ کی ہدایات کی روشنی میں تحریک جدید کے میدان میں خدمات بجا لائیں۔

جزاہم اللہ تعالیٰ احسن الجزاء۔ (وکیل المال اول تحریک جدید)

شکور پارک ربوہ ہاؤسنگ سکیم

ٹاؤن کمیٹی ربوہ سے منظور شدہ
پختہ سڑکیں آخری مرحلہ میں
ہر قسم کے جھگڑے سے پاک

احباب فائدہ اٹھائیں

پروپرائیٹر: حاجی عبدالسمیع
باسط منزل دارالرحمت شرقی ب ربوہ
فون گھر ۴۱۶ فون ۶۱۴

سیل شروع ہے

مومن اسٹیٹس گولبازار ربوہ فون ۵۱۷
علی اسٹیٹس مسجد اقصیٰ چوک فون ۶۶۴
صدیق اسٹیٹس مسجد اقصیٰ چوک فون ۶۴۰
املاک کنسرن پراپرٹی ڈیلر اینڈ جنرل بزنس ریلوے روڈ ربوہ

جلسہ سالانہ کے موقع پر آنیوالے احباب کو

اھلاً وسھلاً ومرحباً

اللہ تعالیٰ آپ کے لئے یہ سفر نہایت بابرکت بنائے اور جلسہ سالانہ سے استفادہ کرنیکی پوری توفیق بخشے۔

اور آپ کا حافظ و ناصر ہو

حکیم انوار احمد جان

دواخانہ حکیم نظام جان گوجرانوالہ چوک گھنٹہ گھر فون ۳۹۹۷
فون ۵۵۸ اقصیٰ چوک ربوہ

جدید فیشن کے مطابق

سونے کے جڑاؤ اور سادہ زیورات وغیرہ کیلئے

نیو پاک جیولرز

۱۱۱۔ فیروزپور روڈ نزد گلیکسی سینما اچھرہ لاہور

پروپرائیٹر میاں عظیم قادر اینڈ سنز

فون: ۴۱۰۹۷۴، ۴۱۸۶۴۶
رہائش ۴۱۸۶۴۵

مشہور دواخانہ (حکیم نظام جان مرحوم والا) کا شعبہ مشروبات

سب ایام جلسہ میں مصروف عمل ہوگا (انشاء اللہ تعالیٰ)

منیجر: مشہور دواخانہ گوجرانوالہ ربوہ

سنہ ۱۹۱۱ سے ایک ہی نام

بے اولاد نرینہ اولاد سے محروم دکھی عورتوں کے لیے پرانی مند واحد علاج گاہ

دواخانہ حکیم نظام جان

فون ربوہ ۵۵۸

زیر نگرانی حکیم انوار احمد جان چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ۔ اقصیٰ چوک ربوہ

پوسٹ بکس نمبر ۲۲۲

فون: ۳۹۹۷

Digitized by Khilafat Library Rabwah

احباب کرام کیلئے خوشخبری

پی - آئی - اے ہوٹلز لمیٹڈ اور امریکن ایکسپرس ـــــ بوتھ اپنی قدیم روایات کے مطابق اب پھر سے شمالی ایریا میں خاص سہولتیں مہیا کر رہا ہے - مثلاً گلگت، ہنزہ اور چائنا کی سرحد تک اور سوات کے قدرتی مناظر جسے

SWITZER LAND OF THE EAST

بھی کہتے ہیں - ان کی سیر و سیاحت و تفریح اور آثارِ قدیمہ میں دلچسپی رکھنے والے حضرات کے لیے گلگت میں

RAKA POSHI INN اور سوات میں SWAT HOTEL ان تمام میں قیام کے لیے ۵۰٪ رعایت کے ساتھ آپ کی خدمت کے لیے حاضر ہیں۔

مزید معلومات کیلئے:

سید نسیم احمد شاہ

مارکٹنگ منیجر کی طرف رجوع کریں - فون نمبر ۵۱۰

۳/۱۴ گول بازار ربوہ

نزد پی آئی - اے آفس

راولپنڈی اور اسلام آباد میں جائیداد کی خرید و فروخت

کا مرکز

قریشی پراپرٹی سنٹر ظفر الحق روڈ راولپنڈی

دواخانہ حکیم نظام جان

اقصیٰ چوک ربوہ کا

فون نمبر ۵۵۸

نوٹ - بچوں کے جیبی کارڈ دواخانہ سے حاصل کریں

حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان

گوجرانوالہ — ربوہ

بواسیر وغیرہ کی ادویات

PILES CURE	بواسیر خونی و بادی
Hemorrhoids Cure	مقعدی، سخت مسّے
Hemorrhage Cure	بہت زیادہ خون نکلے
FISSURE CURE	چیر اور کٹاؤ
FISTULA CURE	ناسور، بھگندر
CONSTIPATION CURE	قبض
Flatulence Cure	گیس، ہوا، ریح
Vomiting Cure	قے - متلی

ایک سے زیادہ کیورز اکٹھی بھی استعمال ہو سکتی ہیں۔ کیپسولوں سے 15/- فی کیور۔ پائلز آنٹمنٹ - 5/- (ٹیکس فری)۔

خاص سٹاکسٹ

لاہور: بزی بی کیمسٹ کمرشل بلڈنگ مال روڈ چوک انارکلی

لاہور: افضل میڈیکل سٹور ملتان روڈ چوک قیصر خانہ

لاہور: خان برادرز میڈیکل اینڈ جنرل سٹور شالیمار لنک روڈ

لاہور: مبشر میڈیکو چوک میو ہسپتال

فیصل آباد: کریم میڈیکل ہال گول امین پور بازار

جھنگ: خالد میڈیکل ہال کورٹ روڈ

خانیوال: شاہ کیمسٹ نزد ریلوے اسٹیشن

ملتان: الطاف میڈیکل ہال صدر بازار

حیدرآباد: نور میڈیکل سٹور شاہی بازار

کراچی: خواجہ میڈیکل سٹورز بالمقابل میٹروپولیس ریکٹ

کوئٹہ: غفور میڈیکل سٹور - سبزی منڈی بازار

پشاور: علی برادرز کیمسٹ خیبر بازار

مردان: ڈاکٹر غلام جیلانی نیو مارکیٹ

راولپنڈی: عظیمیہ دواخانہ جامع مسجد روڈ

منڈی بہاؤالدین: اسراری دواخانہ

اوکاڑہ: المستقیم میڈیکوز ہسپتال بازار

شیخوپورہ: الفیصل میڈیکل ہال سرگودھا روڈ

کیور ٹو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ گول بازار ربوہ فون نمبر 606

طب یونانی کی نئی ایجاد

کان درد کا فوری علاج

ہر گھر میں تکلیف کے وقت کی ساتھی

ایئر وکین قیمت ۳/-

ساجد دواخانہ ربوہ

آنکھوں کی ہر بیماری کیلئے مفید ہے۔

سرمہ طفیل نظر کو تیز کرتا ہے

قیمت ۱۲ روپے - کے ساتھ ساتھ کامیاب دوا عورتوں کے لئے خوشخبری۔

پیٹرولیکوریا

ملیریا شافی - عرق نور پیٹ کی ہر بیماری کیلئے مفید ہے

حکیم محمد طفیل سابق صدر طبیہ کمیٹی جوہی رجسٹرڈ نمبر H-۴۵۹

حال معرفت کوثر کلاتھ ہاؤس ماجوہ مارکیٹ گول بازار ربوہ



حدود کمیٹی میں ساہیوال روڈ پر سب سے اونچی جگہ اور پُرفضا مقام پر واقع ضروریاتِ زندگی کی تمام سہولتوں کیساتھ

مسجد اقصیٰ سے چار فرلانگ ضرب کی جانب اپنی طرز کی منفرد ہاؤسنگ سکیم

کہکشاں ہاؤسنگ سکیم ربوہ

تحفظ و ڈیولپمنٹ ڈیپازٹ کے تحفظ کے لئے سکیم کے بوقیمہ پلاٹس گورنمنٹ کی تحویل میں

خوبصورت پلاننگ کے احساس آسائش کا یہ حسین سنگم صرف کہکشاں میں ہی آپ کو اور جگہ پر محسوس کریں گے۔

سہولتیں:- ۱۔ تارکول کی پختہ سڑکیں ۲۔ ٹیوب ویل سسٹم ۳۔ بجلی کی سپلائی ۴۔ پبلک ٹیلیفون بوتھ ۵۔ سڑکوں پر سایہ دار درخت ۶۔ مسجد ۷۔ سکول ۸۔ ڈسپنسری ۹۔ بنک ۱۰۔ کمرشل سنٹر ۱۱۔ محدود شاپس ۱۲۔ کھیل کا میدان اور پارک ۱۳۔ کمرشل پلاٹس ۱۴۔ ۳۰۔ ۵۰۔ ۷۰۔ ۱۰۰ مرلہ۔ اکائی کے رہائشی پلاٹس ۱۵۔ نقد اور آسان اقساط ۱۶۔ حق شفعہ سے مبرا ۱۷۔ پانی نہایت میٹھا اور صحت بخش ۱۸۔ گورنمنٹ سے تعمیر کیلئے قرضہ حاصل کر سکتے ہیں۔ ۱۹۔ خوبصورت اور جدید مکانوں کے لئے نقشے مفت حاصل کریں۔ ۲۰۔ عنقریب کہکشاں میں متعلقہ محکموں سے معاہدہ طے ہو چکا ہے مزید سہولتیں مہیا کی جا رہی ہیں۔

ہم اپنی پوری صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اس سکیم کو ہر طرح سے خوبصورت بنا رہے ہیں۔ تاکہ ہمارے پیارے شہر ربوہ کی حدود ایک خوبصورت پلاننگ کے ساتھ بڑھیں اور احمدی احباب ربوہ جیسا ماحول پائیں۔ گورنمنٹ سے معاہدہ کے مطابق ڈیولپمنٹ تیزی سے جاری ہے اور سڑکیں تکمیل کے مراحل میں ہیں۔ ڈیولپمنٹ مکمل ہونے پر پلاٹس کی بکنگ ایک محدود عرصہ کیلئے بند کر دی جائے گی اس لئے پہلے آئیں اور پہلے اپنی پسند کے پلاٹس حاصل کر کے باذوق افراد کے حلقہ میں شامل ہوں۔ ساہیوال روڈ مسجد اقصیٰ سے شروع ہو کر لائلپور جھنگ روڈ تک تیزی سے تکمیل کے مراحل میں ہیں۔ اس طرح سے آپ کہکشاں سے مسجد اقصیٰ و ربوہ کے ساتھ پختہ راستہ حاصل کریں گے۔

مزید تفصیلات کیلئے

الصادق اسٹیٹس ڈیلرز گول بازار ربوہ فون نمبر ۴۹۸ رہائش ۴۷۸